© rasailojaraid.com

# اطلاع برائے ذمہ داران مدارس وطلبہ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا دفتری نظام کمپیوٹرائزڈ ہو چکا ہے۔ دفتر وفاق سے رابطہ کیلئے ذمہ داران مدارس اور طلبہ درج ذیل امور کا خیال رکھیں۔

1۔ خط و کتابت رقومات کی ترسیل اور داخلہ فارم بھیجتے وقت مدرسہ کا الحاق نمبر ضرور درج کریں نیز فون پر رابطہ کیلئے بھی الحاق نمبر اور مکمل پتہ بتایا جائے۔

2۔ نگران عملہ امتحانی سنٹروں جو نگرانی کرتے ہیں۔ جوابی کاپیوں کو ترتیب سے رکھنے کا اہتمام کریں۔ اشد ضروری ہے۔

3۔ طالب علم دفتر وفاق سے رابطہ کرتے وقت اپنے رجسٹریشن نمبر کا حوالہ دے۔

4۔ آئندہ تمام درجات کے طلبہ داخلہ فارم کے ساتھ اپنے پہلے امتحان متوسطہ عامہ کی سند کی فوٹو کاپی ضرور لف کریں گے۔

5۔ حفظ کے داخلہ کیلئے مدارس طلبہ کیلئے الگ فارم پر کریں۔ اور طالبات کیلئے الگ فارم پر کریں گے۔

6۔ ہر طالب علم اپنے داخلہ فارم کے ساتھ نادرہ کا فارم (ب) برائے تاریخ پیدائش ضرور لف کرے۔

7۔ سندات میں تاریخ پیدائش کی تصحیح کیلئے اصل شناختی کارڈ یا نادرہ کا ب فارم اور میٹرک کی سند کی تصدیق شدہ کاپی لف کریں۔

8۔ مثنیٰ اسناد کے حصول اور اسناد میں درستگی کیلئے طلبہ خود تشریف لائیں۔

9۔ ہر قسم کی تصحیح/تبدیلی کیلئے متعلقہ مدرسہ کی تصدیق ضروری ہے۔

**نوٹ:۔ تمام مدارس کے ذمہ داران سے پرزور درخواست ہے کہ اپنے نئے فون نمبر اور مکمل پتہ جلد از جلد دفتر ارسال کریں۔ کیونکہ پرانے فون نمبر تبدیل ہو چکے ہیں۔**

© rasailojaraid.com